Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

QUR'AN · SOLUTIONS TO YOUR PROBLEMS

World & Hereafter

دنیا و آخرت

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا۔۔۔

WALILLAAHI AL-ASMAA'U AL-HUSNAA FAD'OOHU BIHAA...

And Allah's are the best names, therefore call on Him thereby...

اور اللہ ہی کے لئے بہترین نام ہیں لہذا اسے ان ہی کے ذریعہ پکارو۔۔۔

At Fajr, Asr and the last part of the night reciting YAA ALLAA-HU 66 times is most effective to get the worldly and hereafter wishes fulfilled.

صبح، عصر اور آخر شب میں 66 مرتبہ ''یا اَللہُ'' کا ورد کرنا حصول مطالب دنیوی و اُخروی کے لئے مجرب ہے۔

For the acceptance of the worldly needs and to achieve the highest rank in the hereafter, the recitation of YAA RAHEE-MO is beneficial.

حاجات دنیا کی برآری اور آخرت کے اعلیٰ درجات کے حصول کیلئے ''یَارَحِیْمُ'' کا ورد نفع مند ہے۔

It is reported from Imam Reza (a) that any person who recites daily YAA MAALE-KO 90 times will not be in need of creatures and will receive the fortune of this world and the hereafter.

حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ جو شخص ہر روز 90 مرتبہ ''یَامَالِکُ'' کا ورد کرے گا وہ مخلوق سے بے نیاز ہوجائے گا اور اسے دنیا و آخرت کی دولت حاصل ہوگی۔

If any person on Friday before sunrise recites YAA MAALE-KO 1000 times then his worldly and hereafter needs will be fulfilled.

جو شخص بروز جمعہ طلوع آفتاب سے پہلے 1000 مرتبہ ''یَامَالِکُ'' کا ورد کرے گا تو اس کی تمام دنیوی و اُخروی حاجات پوری ہوں گی۔

Free to read, copy and share

Reciting YAA MAALE-KO 91 times daily will get his worldly and hereafter needs fulfilled.

دن کے وقت 91مرتبہ ''یَامَالِکُ'' کا ورد کرنے والا حاجات دنیوی و اُخروی حاصل کرلے گا۔

Any person who recites this zikr 15 times every day will receive the grace of Allah (swt) in this world and hereafter and will be helped in the grave...

جو شخص اس ذکر کا وردہر روز 15 مرتبہ کرے تو دنیا و آخرت میں لطف خداوندی اس کے شامل حال ہوگا اور قبر میں اور حشر میں اس کی معاونت کی جائے گی۔

اَلرَّبُّ الْخَالِقُ الْبَارِئُ

AR-RABBU AL-KHAALIQU AL-BAARI'

The Lord, the Creator, the Originator (who brings into existence).

وہی رب ہے، وہی پیدا کرنے والا ہے، اور وہی (ہر چیز کو) عدم سے وجود میں لانے والا ہے۔

To get freedom from sins and to remove the love of this world from the heart one should recite this zikr 100 times after namaz'e Juma, inshallah he will achieve the purpose...

گناہوں سے آزاد ہونے اور دل سے محبت دنیا کو نکالنے کے لئے نماز جمعہ کے بعد 100 مرتبہ یہ کہے، انشاء اللہ بہت جلد مراد پالے گا۔۔۔

یَا غَفَّارُ اِغْفِرْ ذُنُوْبِیْ یَا قَهَّارُ

YAA GHAFFAARU IGHFIR ZUNOOBEE YAA QAHHAAR

O Most Forgiving, forgive my sins; O All-Subduing (Overpowering One).

اے بہت زیادہ بخشنے والے! میرے گناہ معاف فرما۔ اے سب پر غالب (قہار)!

It is reported from Imam Reza (a) that the recitation of YAA QAHHAA-RO frequently becomes the reason to get rid of world sadness and sorrow.

حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ ''یا قَهَّارُ'' کا بہت زیادہ ورد کرنا دنیا کے رنج و غم سے دوری کا باعث ہے۔

Free to read, copy and share

Recitation of YAA QAHHAA-RO daily morning removes the love of this world from the heart.

ہر روز صبح کے وقت ''یَا قَھَّارُ'' انسان کے دل سے دنیا کی محبت ختم کردیتا ہے۔

If a person recites YAA FATTAA-HO 1793 times for 18 days and nights then he will be aware of the hidden secrets, his inner will be clean, if he desires to be a ruler he will achieve great success. Do remember that if the wishes are fulfilled then he should recite YAA FATTAA-HO at least 500 times daily.

اگر کوئی شخص 18 شب و روز روزانہ 1793 مرتبہ ''یَافَتَّاحُ'' کا ورد کرے تو اس کے لئے غیب کی باتیں ظاہر ہونے لگیں گی، اس کا باطن صاف ہوجائے گا، اگر اس کی مراد دنیا میں حکمرانی ہوگی تو اسے فتح عظیم حاصل ہوگی۔ یاد رہے جو بھی اس عمل کے ذریعے اپنی حاجات پالیں تو لازمی ہے کہ اس اسم کا ورد روزانہ کم از کم 500 مرتبہ ضرور کیا کریں۔

Recitation of YAA BAASE-TO frequently is tried and tested and beneficial for increase of assets, children, abundance of sustenance and worldly needs.

''یَابَاسِطُ'' کا ہمیشہ ذکر کرنا فراوانی مال و متاع، اولاد، وسعت رزق اور اسباب دنیوی کی زیادتی کے لئے تجربہ شدہ ہے اور بہت ہی مفید ہے۔

If any person wants to achieve respect, dignity and status in this world and hereafter then should recite this zikr 4396 times during daytime and 8080 times during night for 41 days...

اگر کوئی شخص دنیا و آخرت میں عزت و حرمت اور جاہ و مقام چاہتا ہو تو اگر وہ 41 دن تک صبح کے وقت 4396 مرتبہ اور رات کے وقت 8080 مرتبہ اس ذکر کا ورد کرے۔۔۔

يَامُعِزُّ يَاعَزِيْزُ

YAA MU'IZZU YAA 'AZEEZ

O Giver of honour! O Mighty / All-Powerful

اے عزّت دینے والے ! اے غالب (زبردست) ذات !

and daily at the end of recitation, recite this zikr 41 times then inshallah will achieve it and Allah (swt) will count him among His beloved ones...

اور ہر روز ورد کے آخر میں 41 مرتبہ اس ذکر کا ورد کیا کرے، انشاء اللہ تعالیٰ مراد کو پالے گا اور اللہ تعالیٰ اسے اپنے عزیز لوگوں میں شمار فرمائے گا۔۔۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

يَامُعِزُّ يَاعَزِيْزُ اِغْفِرْ بِعِزَّتِکَ

YAA MU'IZZU YAA 'AZEEZU IGHFIR BI'IZZATIK

O Giver of honour, O Mighty! Forgive (us) by Your might and honour.

اے عزّت دینے والے ! اے غالب و عزیز ! اپنی عزّت (اور قوت) کے واسطے سے ہمیں بخش دے۔

> Reciting YAA BASEE-RO is beneficial for the affairs of world and hereafter and for clear vision.

> ''یَابَصِیْرُ'' کا ورد کرنا امور دنیا و آخرت کی روشن نگاہی کے لئے مفید ہے۔

> If any person is deprived of his rights and has no option to take it then if he recites this zikr 301 times during night his wish will be fulfilled...

> اگر کسی شخص کو اس کا حق نہ مل رہا ہو اور اس کے حاصل کرنے کا کوئی دنیاوی ذریعہ بھی نہ پاتا ہو تو اسے چاہئے کہ رات کے وقت 301 مرتبہ اس ذکر کا ورد کرے تو بہت جلد اپنی مراد پالے گا۔۔۔

يَا اَعْدَلَ الْعَادِلِيْنَ

YAA A'DALA AL-'AADILEEN

O Most Just of those who are just.

اے سب سے زیادہ انصاف کرنے والے ! اے عادلوں میں سب سے زیادہ عادل !

> If anybody has done any sin and wants that he should not be disgraced in this world and hereafter then he should recite YAA GHAFOO-RO 1286 times on Friday at the time of Zohr inshallah will be safe from dishonour.

> اگر کوئی کسی گناہ کا مرتکب ہوچکا ہو اور چاہتا ہو کہ دنیا و آخرت میں رسوا نہ ہو تو اسے چاہئے کہ روز جمعہ بوقت ظہر 1286 مرتبہ ''یَا غَفُوْرُ'' کا ورد کرے تو انشاء اللہ رسوائی سے بچ جائے گا۔

Free to read, copy and share

It has been reported from Imam Reza (a) that any person recites YAA KAREE-MO frequently then Allah (swt) will suffice him in his purpose of the world and hereafter.

حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ جو شخص ''یَاکَرِیمُ'' کا بہت زیادہ ورد کرے تو خداوند قدوس اس کے مقاصد دنیا و آخرت کی کفایت کرے گا۔

To remove the barrier of religion and world reciting this zikr 1001 times is beneficial and effective...

رفع موانع دینی و دنیوی کے لئے 1001مرتبہ اس ذکر کا ورد مفید و مؤثر ہے۔۔۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ عَلِيٌّ وَّلِيُّ اللهِ

YAA HAYYU YAA QAYYOOMU YAA LAA ILAAHA ILLAA ALLAAHU MUHAMMADUN RASOOLU ALLAAHI 'ALIYYUN WALIYYU ALLAAH

O Ever-Living, O Self-Subsisting (Sustainer). There is no god except Allah. Muhammad is the Messenger of Allah; Ali is the Wali of Allah.

اے ہمیشہ زندہ رہنے والے ! اے سب کو قائم رکھنے والے ! اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ محمدؐ اللہ کے رسول ہیں، علیؑ اللہ کے ولی ہیں۔

Reciting YAA MAANE'O frequently will protect from the ruin and damage of religion and world.

''یَامَانِعُ'' کا بہت زیادہ ورد کرنا دینی و دنیاوی ہلاکت و نقصان سے محفوظ رکھتا ہے۔

Reciting YAA AKRA-MO regularly will be a cause of achieving honour and nobility in this world and hereafter.

''یَااَکْرَمُ'' کو اپنا وردبنا لینا دنیا و آخرت کے لئے حصول عزت و کرامت کا باعث ہے۔

Reciting YAA QAAHE-RO on regular basis will be the cause of removing the worldly love.

''یَا قَاهِرُ'' کو اپنا وردبنا لینا حب دنیا کے ختم ہونے کا سبب بنتا ہے۔

Reciting YAA QAAHE-RO 306 times is tried and tested to remove sorrow & grief, away from hardship of world and to overpower inner self (nafs Ammaara).

306 مرتبہ ''یَا قَاهِرُ'' کا ورد رفع ہم و غم و الم، زحماتِ دنیا سے رہائی اور نفس امارہ پر غلبہ پانے کے لئے بہت ہی مجرب عمل ہے۔

Free to read, copy and share

To remove the love of materialistic world and to create the love of Allah (swt) reciting YAA QAAHE-RO 306 times daily is beneficial.

دنیا و مادیات کی محبت کو دل سے ختم کرنے اور خدا کی محبت پیدا کرنے کے لئے روزانہ 306 مرتبہ ''یَا قَاھِرُ'' کا ورد مفید ترین ہے۔

For high position in this world and hereafter reciting YAA MUTA-A'A-LO 551 times during daytime is beneficial.

بلندی درجات دنیاوی و اُخروی کے لئے دن کے وقت 551مرتبہ ''یَا مُتَعَالُ'' کا ورد مفید ہے۔

To remove all types of worldly fear reciting LAA ILAAHA ILLAL LAAHO 165 times daily is more beneficial.

ہر قسم کے دنیاوی خوف کو دل سے نکالنے کے لئے روزانہ 165 مرتبہ ''لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ'' کا ورد انتہائی مفید ہے۔

For detachment of world and desire to meet Allah (swt) reciting this zikr 178 times during daytime is beneficial and effective...

دنیا سے بے رغبتی اور لقاء اللہ کے لئے دن کے اوقات میں 178 مرتبہ اس ذکر کا ورد مفید و مؤثر ہے۔۔۔

يَا اِلٰهَ النَّاسِ

YAA ILAAHA AN-NAAS

O God of the people / O Lord of mankind.

اے لوگوں کے معبود (اے انسانوں کے رب) !

Reciting this zikr 271 times during daytime is beneficial and effective for the acceptance of dua and ease in accountability in hereafter...

دن کے وقت 271 مرتبہ اس ذکر کا ورد قبولیت دعا اور آخرت میں حساب و کتاب میں آسانی کے لئے مفید و مؤثر ہے۔۔۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

يَانِعْمَ الْحَسِيْبُ

YAA NI'MA AL-HASEEB

How excellent is the Reckoner / the One who is sufficient

کیا ہی بہترین حساب لینے والا (اور کفایت کرنے والا) ہے !

> Reciting YAA AAKHE-RO will be the cause of respect, importance and for the betterment of hereafter.
>
> ''یَااٰخِرُ'' کو اپنا وردبنا لینا عزت و اہمیت اور حسن عاقبت کا باعث ہے۔

> Reciting YAA AAKHE-RO 801 times daily will be the cause for the betterment of hereafter.
>
> روزانہ 801مرتبہ ''یَااٰخِرُ'' کا ورد کرنا حسن عاقبت کا سبب بنتا ہے۔

> Duas for World & the Hereafter (https://fzic.org/library/dua/duas-for-world-the-hereafter-4034)
>
> دنیا و آخرت کی حاجات کی دعائیں (https://fzic.org/library/dua/duas-for-world-the-hereafter-4034)

> Worldly & Hereafter Goodness (https://fzic.org/library/dua/worldly-hereafter-goodness-4056)
>
> دُنیا و آخرت کی بھلائی (https://fzic.org/library/dua/worldly-hereafter-goodness-4056)

> Safe in this world & Next life (https://fzic.org/library/dua/safe-in-this-world-next-life-4154)
>
> دنیا و آخرت میں محفوظ (https://fzic.org/library/dua/safe-in-this-world-next-life-4154)

Printed from https://fzic.org/library/quran/world-hereafter-3968 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.